# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

مارچ 2002ء شمارہ نمبر 7 قیمت -/5 روپے


## القرآن

بے شک فیصلے کا دن ایک مقرر وقت ہے، جس روز صور میں پھونک ماردی جائے گی تم فوج در فوج نکل آؤ گے اور آسمان کھول دیا جائے گا حتی کہ وہ دروازے ہی دروازے بن کر رہ جائے گا، اور پہاڑ چلائے جائیں گے یہاں تک کہ وہ سراب ہو جائیں گے۔

النساء 17 تا 20


## الحدیث

حضرت حارث اشعریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں۔ جماعت کا، سننے کا، اطاعت کا، ہجرت اور جہاد فی سبیل اللہ کا۔

(مشکوٰۃ، مسند احمد، ترمذی)

## ہیڈ آفس آمد

❖ سابق چیف جسٹس اور چیئرمین حمایت اسلام فاؤنڈیشن جسٹس (ر) نسیم حسن شاہ نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔



جسٹس (ر) نسیم حسن شاہ ہیڈ آفس آمد پر مختلف شعبہ جات کا دورہ کر رہے ہیں

وائس چیئرمین ٹرسٹ پروفیسر اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری جنرل سید وقاص انجم جعفری نے معزز مہمان کا خیر مقدم کیا اور ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں اور مختلف شعبہ جات کے بارے میں بریفنگ دی۔ بعد ازاں جسٹس نسیم حسن شاہ نے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

❖ ممتاز قانون دان اور پاکستان ہیومن رائٹس کے چیئرمین ایس ایم ظفر نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ پروفیسر اشتیاق



ممتاز قانون دان ایس ایم ظفر ٹرسٹ کے بریفنگ سیشن میں شریک ہیں

احمد گوندل اور سید وقاص انجم جعفری نے معزز مہمان کا خیر مقدم کیا۔ پریپ، شعبہ امداد طلبہ، آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے علاوہ تدوین نصاب اور کردار سازی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا، کارکردگی، اہداف کے علاوہ مختلف تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔

❖ چیف ناظم لاہور میاں عامر محمود نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ انفارمیشن آفیسر اسلم جاوید نے معزز مہمان کا خیر مقدم کیا۔ وائس چیئرمین ٹرسٹ پروفیسر اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری نے دیہی پاکستان میں فروغ و ترویج تعلیم کے اس قومی منصوبہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ معزز مہمان نے دور دراز اور پسماندہ دیہات میں تعلیمی جدو جہد میں درپیش



چیف ناظم لاہور میاں عامر محمود کا ہیڈ آفس آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے

مشکلات سے آگاہی حاصل کی اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

❖ اخوان ایجوکیشن سوسائٹی اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی جدوجہد سے دیہی پاکستان میں بڑے پیمانے پر تعلیم کا فروغ ہوگا۔ جدید تعلیمی کیمپس بنیں گے اور نسل نو کی تعمیر اور ترقی کے بارے میں امید افزاء حالات پیدا ہوں گے۔ ہیڈ آفس آمد پر سابق وزیر اعظم پاکستان اور



سابق وزیر اعظم پاکستان ملک معراج خالد کا ڈسٹرکٹ منیجرز پریپ کے ساتھ گروپ فوٹو

اخوان ایجوکیشن سوسائٹی کے چیئرمین ملک معراج خالد نے مزید کہا کہ نسل نو کو اگر تعلیم کے جدید اسلوب کے ساتھ مضبوط اخلاقی تربیت فراہم کر دی جائے تو شاہراہ ترقی پر گامزن ہوا جا سکتا ہے۔ ہیڈ آفس آمد پر سینئر وائس چیئرمین میاں مقصود احمد نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔

❖ پنجاب یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات سے متعلق اساتذہ کرام کے ایک نمائندہ وفد نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے دیہی پاکستان میں فروغ تعلیم کے اس بڑے منصوبے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اساتذہ کرام نے شعبہ امداد طلبہ اور آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے شعبہ جات میں ہونے والی پیش رفت کو اہم قرار دیتے ہوئے مفید آراء سے نوازا۔ وفد میں پروفیسر حارث رشید، پروفیسر محمد عارف بٹ، پروفیسر مہر سعید



پنجاب یونیورسٹی کے اساتذہ ٹرسٹ کے تعارفی سیشن میں

اختر، پروفیسر احمد شیر اعوان، پروفیسر سید نعیم شاہ، پروفیسر اشرف صدیقی اور جلیل طارق شامل تھے۔

❖ اسلامک کلچرل سنٹر ناروے کے صدر اور غزالی گرلز ہائی سکول 93 گ ب کے سپانسر محمد اظہر علی کی طرف سے عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ چیئرمین ٹرسٹ حافظ محمد ادریس سینئر وائس چیئرمین



صدر اسلامک کلچرل سنٹر ناروے کی طرف سے ٹرسٹ کے عہدیداران کے اعزاز میں دیا گیا عشائیہ

میاں مقصود احمد، پروفیسر مسلم سجاد اور پروفیسر محمد ایوب منیر نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ چیئرمین ٹرسٹ حافظ محمد ادریس نے محمد اظہر علی کے گرانقدر عطیہ پر ان کا شکریہ ادا کیا اور توقع ظاہر کی کہ آئندہ بھی تعاون کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

❖ ممتاز قومی اخبارات سے متعلق صحافیوں کے ایک وفد نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ وفد میں محمد الیاس قریشی (محکمہ تعلقات عامہ) حامد ریاض ڈوگر (جسارت) سید اختر علی (نوائے وقت) میاں محمد اسلم (انصاف) علی فاروق (پاکستان) شامل



مختلف اخبارات سے متعلق صحافیوں کی ہیڈ آفس آمد پر گروپ فوٹو

تھے۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے دیہی پاکستان کے اس سب سے بڑے تعلیمی پراجیکٹ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ وفد نے اس ضمن میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## ہمدرد مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شرکت

❖ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایک وفد نے ہمدرد مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شرکت کی اور ہمدرد فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن سعدیہ راشد

سے ٹرسٹ کی تعلیمی پیش رفت، شعبہ امداد طلبہ اور ٹیچرز ٹریننگ کے حوالے سے ملاقات کی۔ چیئرپرسن ہمدرد فاؤنڈیشن نے ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ بعدازاں وفد نے صوبائی وزیر قانون ڈاکٹر خالد رانجھا، صوبائی وزیر بلدیات بریگیڈیر حامد سعید، مہناز رفیع اور میجر آفتاب لودھی سے بھی ملاقات کی اور انہیں دیہی پاکستان میں ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ وفد میں مشتاق احمد مانگٹ اور اسلم جاوید شامل تھے۔

## غزالی فورم

یورپ میں موجود پاکستانی کمیونٹی ہر اس سرگرمی میں دل و جان سے تعاون کرنے کے لئے تیار ہے جو ملک میں تعلیمی پیش رفت اور شرح خواندگی میں اضافہ کے ضمن میں ہو۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستانی سوسائٹی میں ٹرسٹ کے بارے میں زیادہ دلچسپی اور جوش کا




''یورپ کے تعلیمی مشاہدات'' کے موضوع پر غزالی فورم سے حافظ تنویر احمد خطاب کررہے ہیں

اظہار کیا گیا۔ ''یورپ کے تعلیمی مشاہدات'' کے موضوع پر غزالی فورم سے خطاب کرتے ہوئے جوائنٹ سیکرٹری ٹرسٹ حافظ تنویر احمد نے مزید کہا کہ اس دورے میں انہوں نے ممتاز ماہرین تعلیم اور مؤثر شخصیات سے ملاقاتیں کیں، بے شمار تعلیمی اداروں کا دورہ کیا، مفید تجربات سے آگاہی ہوئی اور ٹرسٹ کے تحت ہونے والی تعلیمی جدوجہد کو پیش کرنے کا موقع ملا۔

## ملاقاتیں

- ڈسٹرکٹ مینجر ڈیرہ غازی خان غنا محمد گجر نے تنظیم اساتذہ پاکستان کے مرکزی صدر سید جہان بادشاہ سے تفصیلی ملاقات کی۔ ٹرسٹ اور شعبہ جات کے تعارف کے علاوہ، مستقبل کے اہداف اور منصوبہ جات کے بارے میں آگاہ کیا۔ صدر تنظیم نے اس اہم ملی فریضہ کی ادائیگی میں اپنے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ ملاقات میں صدر تنظیم صوبہ پنجاب پروفیسر عطاء محمد جعفری اور نگران ڈویژن پروفیسر قاضی عبدالسمیع بھی موجود تھے۔
- ڈسٹرکٹ مینجر ضلع منڈی بہاؤالدین ضیاء اللہ شاہین اور پرنسپل غزالی سکول سسٹم ڈھوک کاسب محمد اقبال ساجد نے EDO ملک محمد ادریس سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور غزالی اسکول سسٹم کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔ جس پر انہوں نے دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ بعدازاں وفد نے DCO ضلع منڈی بہاؤالدین سے بھی ملاقات کی اور انہیں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا تفصیلی تعارف اور غزالی نیوز کا شمارہ پیش کیا۔

## ELM کورس کا اجراء

- انسٹی ٹیوٹ آف لیڈرشپ اینڈ مینجمنٹ (ILM) میں پڑھائے جانے والے دو سالہ کورس (Education leadership and management) کی افتتاحی تقریب آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی میں ہوئی۔ یہ اہم تحقیقی نصاب غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی بنیادی ضروریات کے سامنے رکھتے ہوئے مرتب کیا گیا ہے۔ ELM کی افتتاحی تقریب آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی میں ہوئی۔ خیر مقدمی کلمات سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے ادا کئے۔

ILM سے پروفیسر مشتاق الرحمان صدیقی، پروفیسر عبدالصمد، پروفیسر راؤ جلیل اور پروفیسر معین الدین قریشی نے شرکاء کورس کو تعلیم اور معاشرہ میں قیادت مہیا کرنے کے حوالے سے ضرورت اہمیت اور طریق کار پر روشنی ڈالی۔

## PTC
### (Parents Teachers Conference)

- غزالی سکول سسٹم گوجرہ موڑ ضلع جھنگ میں PTC کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صدارت ڈسٹرکٹ مینجر ضلع جھنگ احسان اللہ مہر نے کی۔ تلاوت قرآن مجید سال سوئم کے طالبعلم محمد یٰسین اور نعتِ رسول مقبول ﷺ سال دوئم کے طالبعلم محمد اسحاق نے پیش کی۔ تقریب میں دسمبر ٹیسٹ کے نتائج کا اعلان کیا گیا اور پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ بعدازاں سکول کے تدریسی اور انتظامی معاملات کو مزید بہتر بنانے کیلئے والدین پر مشتمل مشاورتی کمیٹی بنائی گئی۔
- غزالی سکول سسٹم 173 گ ب فیصل آباد جنوبی میں PTC کا انعقاد کیا گیا۔ والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سکول کے تدریسی اور انتظامی معاملات پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ غزالی نیوز کو ملنے والی اطلاع کے مطابق نئے تعلیمی سیشن کے آغاز ہی سے سکول میں 30 نئے داخلے ہو چکے ہیں۔
- غزالی سکول سسٹم سپراء ضلع گجرات میں PTC کا انعقاد کیا گیا۔ والدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ مینجر احسان الصمد طیب نے سکول کے تدریسی اور انتظامی معاملات کے حوالے سے گفتگو کی اور شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے۔ والدین نے سکول پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مکمل تعاون کا وعدہ کیا۔
- غزالی سکول سسٹم ہردیو ضلع شیخوپورہ میں PTC کا اہتمام کیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ سید عامر علی کاظمی مہمان خصوصی تھے۔ ڈسٹرکٹ مینجر شہید الحق ظفر نے صدارت کی۔ حافظ جھید الاسلام نے درس قرآن دیا۔ کلاس سوئم کی طالبہ سدرہ اقبال نے نعتِ رسول مقبول ﷺ اور ثانیہ ذوالقرنین اور حنا ذوالقرنین نے ملی نغمہ پیش کیا۔ بعدازاں کلاس سوئم کے طلبہ کے درمیان کوئز کا مقابلہ ہوا، اول، دوئم اور سوئم آنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے گئے۔


## LACD کے ذرائع مطابق

- غزالی سکول سسٹم شہباز خیل ضلع میانوالی میں LACD کے حوالے سے ایک تعارفی پروگرام ہوا۔ مہمان خصوصی ظفراللہ خان نیازی ناظم یونین کونسل اور امیر عبداللہ خان نیازی نائب ناظم یونین کونسل تھے۔ پروگرام سے ڈائریکٹر LACD مشتاق احمد مانگٹ



شہباز خیل ضلع میانوالی ناظم یونین کونسل ظفراللہ خان نیازی نائب ناظم امیر عبداللہ خان نیازی ممتاز سماجی کارکن خان زمان خان نیازی ٹرسٹ کے افتتاحی پروگرام میں سٹیج پر بیٹھے ہیں

اور ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ سید عامر علی کاظمی نے خطاب کیا۔ مہمان خصوصی نے غزالی سکول شہباز خیل کی ضروریات کیلئے 15 ہزار روپے اور ممتاز سماجی شخصیت خان زمان خان نیازی نے سکول کیلئے دو کنال زمین کے عطیہ کا اعلان کیا۔
- غزالی سکول سسٹم حافظ والا میانوالی میں LACD کی تعارفی تقریب ہوئی۔ مہمان خصوصی ریٹائرڈ سکواڈرن لیڈر اور سابق ممبر ضلع کونسل فتح شیر خان تھے۔ تقریب سے ڈائریکٹر LACD مشتاق احمد مانگٹ نے خطاب کیا۔ معززین علاقہ اور منتخب نمائندوں کی بھاری تعداد نے پروگرام میں شرکت کی۔
- غزالی سکول سسٹم پپلاں ضلع میانوالی میں LACD کی تعارفی تقریب ہوئی۔ مہمان خصوصی فقیر عبدالمجید ناظم تحصیل پپلاں ضلع میانوالی تھے۔ مشتاق احمد مانگٹ ڈائریکٹر LACD نے



ناظم تحصیل پپلاں فقیر عبدالمجید خان غزالین سے مخاطب ہیں جبکہ نائب ناظم یونین کونسل پپلاں ضلع میانوالی رانا جاوید سٹیج پر بیٹھے ہیں

تقریب سے خطاب کیا۔ مہمان خصوصی نے شعبہ امداد طلبہ کے علاوہ سکول کیلئے زمین بطور عطیہ دینے کا اعلان کیا۔ پروگرام میں معززین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔
- غزالی سکول سسٹم ضلع وہاڑی کے زیر انتظام ایک پروقار تعارفی تقریب منعقد کی گئی جس کی صدارت انجنیئر محمد رفیق (چیئرمین رفیق ویلفیئر ٹرسٹ) نے کی۔ معززین شہر کی کثیر تعداد کے علاوہ میاں منظور احمد EDO, IT، چوہدری محمد طفیل وڑائچ صدر کسان بورڈ، میاں محمد عمر فاروق چیئرمین بیت المال، میاں محمد منشاء سلیمی سینیئر ہیڈ ماسٹر، طاہر اقبال چوہدری ناظم یونین کونسل، عبدالمجید



وہاڑی میں LACD کی تعارفی تقریب کے شرکاء

فیاض نائب ناظم یونین کونسل نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ انجنیئر محمد رفیق نے ایک مکمل سکول، چوہدری محمد فیاض وڑائچ نے ایک مکمل سکول، سید جاوید حسین شاہ نے دو کنال زمین اور دس ہزار روپے، نوید اکرم نے ایک یتیم بچے کی کفالت اور ڈاکٹر غلام حسین آصف نے ایک یتیم بچے کی کفالت کے گراں قدر عطیات کا اعلان کیا۔

❖ غزالی سکول ٹرسٹ ضلع بہاولپور کے تحت LACD کی تعارفی تقریب ہوئی۔ مہمان خصوصی ایف ایڈ ایف ایگرو کیمیکل کے چیئرمین چوہدری عبدالمتین تھے۔ معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے پروگرام میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر LACD مشتاق احمد مانگٹ اور ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ افتخار احمد شیخ نے خطاب کیا۔ ڈسٹرکٹ مینجر حفیظ الرحمان نے معزز مہمانوں کا آمد پر شکریہ ادا کیا۔

❖ غزالی سکول سسٹم 78 ج ب میں LACD کا تعارفی پروگرام ہوا۔ مہمان خصوصی چوہدری محمود احمد تھے۔ ڈائریکٹر LACD مشتاق احمد مانگٹ اور ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز عامر محمود چیمہ نے ٹرسٹ کے تعلیمی نیٹ ورک کے بارے میں بتایا۔ اہل دیہہ نے گرلز ہائی سکول بنانے اور اس کیلئے ضروری فنڈ اور عمارت مہیا کرنے کا وعدہ کیا۔

❖ فوڈ گارڈن ریسٹورنٹ فیصل آباد میں LACD کی تعارفی تقریب ہوئی۔ مہمان خصوصی حاجی عبدالواحد تھے۔ پروگرام میں غزالی سکول سسٹم 101 پاولیانی کے طلبہ نے ترانے، نظمیں اور تقاریر پیش کیں۔ عامر محمود چیمہ نے ٹرسٹ کا تعارف کرایا۔ جبکہ مشتاق احمد مانگٹ نے تعلیم کی اہمیت پر لیکچر دیا۔ چوہدری نذر محمد نے 195 رب میں پرائمری سکول کیلئے ایک کنال اور گرلز ہائی سکول کیلئے ایک کنال زمین اور ضروری تعمیرات کے علاوہ مختلف احباب نے 20 مستحق طلبہ کی مکمل تعلیمی کفالت کے عطیہ کا اعلان کیا۔

## تقریب تقسیم انعامات

❖ غزالی سکول سسٹم رجانہ ضلع جھنگ میں دسمبر ٹیسٹ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کیلئے تقسیم انعامات کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ مہمان خصوصی ماسٹر ریاض حسین چیئرمین مشاورتی کمیٹی تھے۔ تلاوتِ قرآن مجید سال سوئم کے طالبعلم احسن رزاق جبکہ نعت رسول مقبول ﷺ سال اول کے طالبعلم اقبال نے پیش کی۔ معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے پروگرام میں شرکت کی۔

درج ذیل طلبہ نے پوزیشن حاصل کی۔

| کلاس | اول | دوئم | سوئم |
|---|---|---|---|
| کے سی جونیئر | کاظم خان | ممتاز بی بی | عدنان ریاض |
| کے سی سینئر | محمد عامر | محمد عمران | ارشاد احمد |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اول | ساجد حفیظ | احسان اللہ | منصف دراز |
| دوئم | توحید رانی | عالم شیر | محمد جمشید |
| سوئم | سمیع اللہ | محمد وارث | حاجرہ ظفر |

❖ غزالی سکول سسٹم چیلہ ضلع جھنگ میں تقسیم انعامات کی تقریب ہوئی۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد یونس تھے۔ تقریب کی صدارت ڈسٹرکٹ مینجر احسان اللہ مہر نے کی۔ ننھے غزالین میں شہناز پروین نے تلاوت قرآن مجید، محمد الیاس نے حمد باری تعالیٰ جبکہ نزہت شیر، شہر بانو اور فرحت پروین نے ہدیۂ نعت پیش کیا۔ سمیرا مہوش، ارم شہزادی اور سمیرا انوار نے ملی نغمہ اور علی سعید، محمد جعفر اور عامر سہیل نے تقاریر کیں۔

درج ذیل غزالین نے پوزیشن حاصل کیں۔

| کلاس | اول | دوئم | سوئم |
|---|---|---|---|
| کے۔سی | کامران خان | عمران حیدر | اسامہ اکرم، اسد اللہ |
| اوّل | محمد ابرار | | |
| دوئم | مصباح نورین | ارشد اقبال | غلام رسول |
| سوئم | محمد جعفر | محمد طاہر اقبال | اسد ریاض |

## یوم یکجہتی کشمیر

❖ یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے غزالی سکول سسٹم رجانہ ضلع جھنگ میں ایک تقریب ہوئی۔ صدارت پرنسپل سکول ملک وارث سلیم نے کی۔ طلبہ و طالبات کے علاوہ معززین علاقہ کی ایک بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت کی۔ جبکہ غزالیین حسنین ظفر اور خرم نے کشمیر کے موضوع پر پرجوش تقاریر کیں۔

❖ غزالی سکول سسٹم منڈی بچیانہ ضلع فیصل آباد میں ہفتہ وار بزم غزالی کو یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ترتیب دیا گیا۔ پروگرام میں کشمیر کے حوالے سے ترانے نظمیں اور تقاریر پیش کی گئیں اور طلبہ کو اس دن کی اہمیت کے بارے میں بتایا گیا۔

❖ غزالی سکول سسٹم مہرپور ضلع مظفر گڑھ میں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے تقریب ہوئی مہمان خصوصی مسز نجمہ ظفر تھیں۔ کمپیئرنگ سیما عباس نے کی۔ تلاوت قرآن مجید اقصیٰ عبدالقدوس، حمد باری تعالیٰ عدیلہ عباس جبکہ نعت رسول مقبول ﷺ اقصیٰ نایاب، فرحانہ کوثر اور صالحہ عطا نے پیش کیں۔ کشمیر کے موضوع پر فوزیہ کریم، فریحہ ارم، صالحہ عطاء اور جویریہ عطاء نے پرجوش تقاریر کیں۔ عدیلہ عباس، صالحہ عطاء، نگہت محمود، اقصیٰ نایاب، مریم عبدالصمد اور سلمیٰ جبیں نے ٹیبلو پیش کیا۔ راشد عطاء اور عمیر فاروق نے پروگرام کیلئے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ترانہ پیش کیا۔

## ٹیسٹ انٹرویو

❖ غزالی سکول سسٹم ٹوبہ ٹیک سنگھ میں نئے اساتذہ کی تقرری کیلئے تحریری امتحان اور انٹرویو ہوا۔ 76 امیدواروں نے حصہ لیا۔ انٹرویو پینل میں پروفیسر احسان، ڈاکٹر امجد وسیم، وارث علی وارث، ڈاکٹر مقبول، عبدالحمید اور عبدالرحمان شامل تھے۔

❖ غزالی سکول سسٹم فیصل آباد شمالی میں نئے اساتذہ کی تقرری کیلئے تحریری امتحان اور انٹرویو ہوا۔ 90 مرد اور 27 خواتین امیدواران نے شرکت کی۔ انٹرویو کیلئے تین پینل بنائے گئے۔

1۔ پروفیسر محمد راشد گھمن، حافظ محمد شعیب
2۔ میاں انوار الحق ، وارث علی وارث
3۔ ڈاکٹر امجد وسیم ، میاں افتخار احمد

پروفیسر ڈاکٹر اعجاز فاروق اکرم نے دوران ٹیسٹ دورہ کیا۔

❖ غزالی سکول سسٹم ضلع ڈیرہ غازی خان میں نئے اساتذہ کی تقرری کیلئے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول شادن لنڈ میں تحریری امتحان اور انٹرویو ہوا۔ 90 امیدواران نے شرکت کی۔ تحریری امتحان سے قبل ڈسٹرکٹ مینجر غنا محمد گجر نے ٹرسٹ کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔ انٹرویو پینل میں پرنسپل گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول شادن لنڈ قاضی محمد یوسف ڈسٹرکٹ مینجر ملتان عمران ظہور غازی ڈسٹرکٹ مینجر رحیم یار خان شبیر احمد مجاہد اور ڈسٹرکٹ مینجر ڈیرہ غازی خان غنا محمد گجر شامل تھے۔ اس موقع پر 15 اساتذہ کو نئے تعلیمی سیشن کیلئے منتخب کیا گیا۔

## دورہ جات

❖ ڈسٹرکٹ مینجر فیصل آباد جنوبی ڈاکٹر وارث علی وارث نے غزالی سکول سسٹم 167 گ ب کٹاریاں کا دورہ کیا۔ انہوں نے سکول کی نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں اور نظم و ضبط پر عمومی اطمینان کا اظہار کیا۔

❖ حاجی عنایت ناظم یونین کونسل 51 ضلع فیصل آباد نے ممتاز سرجن ڈاکٹر سعید احمد اور رانا عبدالوحید کے ہمراہ غزالی سکول سسٹم 97 گ ب کا دورہ کیا۔ سکول کے نظم و ضبط اور تدریسی امور کو سراہتے ہوئے مزید سکول کھولنے کی ضرورت اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

❖ اسلامک کلچرل سنٹر ناروے کے صدر محمد اظہر علی اور معروف کالم نگار اور نوائے وقت کے ایڈیٹر حسنین جاوید نے غزالی سکول



ایڈیٹر نوائے وقت حسنین جاوید اور اسلامک کلچرل سنٹر ناروے کے صدر محمد اظہر علی غزالی گرلز ہائی سکول 93 گ ب کے دورہ کے موقع پر

سسٹم 97 گ ب اور غزالی گرلز ہائی سکول 93 گ ب کا دورہ کیا۔ کلاسز کے معائنہ، تدریسی و انتظامی امور کے جائزہ کے علاوہ معززین علاقہ سے بھی ملاقات کی۔

❖ افتخار احمد شیخ ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ اور ڈسٹرکٹ مینجر ملتان عمران ظہور غازی نے غزالی سکول سسٹم ضلع ملتان کے سکولز کا تفصیلی

دوہ کیا۔ طلبہ کی تعلیمی کارکردگی اور انتظامی امور کا جائزہ کے ساتھ ساتھ والدین، معززین علاقہ سے بھی ملاقات کی گئی۔ اس دورہ میں ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ، غزالی سکول سسٹم مٹوٹلی، موہن پور، کلچ پور، علی والا، سکندر آباد اور ملاں احمد والا گئے۔

## پرنسپل میٹنگ

غزالی سکول سسٹم ضلع ملتان کی ماہانہ پرنسپل میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں داخلہ مہم، پری پوسٹنگ ٹیچرز ٹریننگ، یونیفارم، PTC، درس قرآن اور دیگر امور پر تفصیلی مشاورت ہوئی۔ مٹوٹی سکول پرنسپل نذیر حسین کو ضلع ملتان کیلئے غزالی نیوز کا نمائندہ مقرر کیا گیا۔

- غزالی سکول سسٹم فیصل آباد شمالی کی پرنسپل میٹنگ 3 مارچ کو المرکز الاسلامی فیصل آباد میں منعقد ہوئی جس میں ماہ فروری کی کارکردگی و مالیاتی رپورٹس پیش کی گئیں جبکہ سالانہ امتحانات کے لئے ممتحن حضرات کی ذمہ داریاں لگائی گئیں مزید یہ کہ مبشر علی صابر اور محمد عمر فاروق کو کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا جو سکولز کے تعلیمی معاملات اور آفس ریکارڈ کو چیک کرنے میں ڈسٹرکٹ مینجر کی معاونت کریں گے۔

## لائبریری کا قیام

غزالی سکول سسٹم ڈھوک کا سب ضلع منڈی بہاؤالدین میں حاجی تنویر احمد توقیر اور حاجی محمد اسلم کے تعاون سے بچوں کی اصلاحی معلوماتی اور تاریخی کتب پر مشتمل لائبریری قائم کی گئی ہے۔ لائبریری میں ابتدائی طور پر 250 کتب رکھی گئی ہیں۔

## چلڈرن ویلفیئر سوسائٹی کا قیام

غزالی سکول سسٹم 101 گ ب پاولیانی فیصل آباد شمالی کے پرنسپل مبشر علی صابر کی زیر سرپرستی چلڈرن ویلفیئر سوسائٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جس کے تحت ہر طالبعلم اپنی جیب خرچ میں سے ایک روپیہ فی ہفتہ سوسائٹی کے فنڈ میں جمع کرائے گا جس سے مستحق طلبہ کی امداد، ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد اور ٹک شاپ کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

## کمپیوٹر کی خریداری

غزالی سکول سسٹم ہیلاں ضلع منڈی بہاؤالدین میں اپنی مدد آپ کے تحت ایک عدد کمپیوٹر خرید لیا ہے۔

## الوداعی پارٹی

غزالی سکول سسٹم منڈی بچیانہ فیصل آباد میں کلاس چہارم کے طلبہ نے کلاس پنجم کے طلبہ کو الوداعی پارٹی دی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر امجد وسیم تھے۔ کلاس چہارم کی نمائندگی ہما ملک چودھری جبکہ کلاس پنجم کی نمائندگی تعظیم صدیق نے کی۔

## تقریب تعلیم القرآن

غزالی سکول سسٹم مہر پور ضلع مظفر گڑھ تعلیم القرآن کے حوالے سے ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں طلبہ و طالبات، والدین کے علاوہ معززین علاقہ نے شرکت کی۔ مولانا غلام حسین بزدار نے عظمت قرآن کے موضع پر خطاب کیا۔ جبکہ ڈسٹرکٹ مینجر غنا محمد گجر نے "غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کل اور آج" کے موضوع پر خطاب کیا۔

## ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ضلع گجرات میں پریپ کے زیر اہتمام ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ سے ڈاکٹر سید احسان اللہ شاہ نے نبی رحمت ﷺ کا معلمانہ کردار، نوازش علی شیخ ایڈووکیٹ نے مستقبل میں معلم کا کردار اور ہمایوں ناصر ایڈووکیٹ نے مؤثر تدریس کے موضوع پر خطاب کیا۔

## دسمبر ٹیسٹ

غزالی سکول سسٹم ضلع ملتان کے سکولز علی والہ، سکندر آباد، ملا احمد والہ، موہن پور، کلچ پور مٹوٹلی میں دسمبر ٹیسٹ ہوئے۔ اس دوران ڈسٹرکٹ مینجر عمران ظہور غازی نے سکولز کا دورہ کی۔

## اعزاز

- یوم قائداعظم کے حوالے سے خورشید ماڈل سکول بیدیاں روڈ لاہور میں کوئز مقابلہ ہو۔ جس میں غزالی سکول سسٹم حویلیاں کرباٹھ کے طلبہ محمد عرفان اور ہاشم الٰہی نے اول پوزیشن حاصل کی۔
- غزالی سکول سسٹم 30 گ ب ضلع فیصل آباد نے ضلع بھر میں تزئین و آرائش کے مقابلہ میں اول پوزیشن حاصل کی جبکہ سکول کی کلاس پنجم نے گورنمنٹ پرائمری سکول 74 گ ب کی کلاس پنجم سے ایک نصابی مقابلہ میں بھی سبقت حاصل کی۔ یہ نصابی مقابلہ ریاضی، اردو اور انگریزی میں ہوا تھا۔

## بزم پیغام

غزالی سکول سسٹم 287 ج ب میں بزم پیغام کے تحت ترانوں کا مقابلہ ہوا۔ صدر ضلع عبدالرحمان مہمان خصوصی تھے۔ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

## کوآرڈی نیٹر کا تقرر

غزالی سکول سسٹم چک نمبر 232 گ ب کے پرنسپل راشد حمید کو فیصل آباد جنوبی کا کوارڈینیٹر مقرر کیا گیا۔ غزالی نیوز کو ملنے والی اطلاع کے مطابق غزالی سکول سسٹم 232 گ ب میں دو اضافی کمروں کی تعمیر مکمل ہوگئی ہے۔

## مستقل عطیہ

ڈائریکٹر فیصل آباد کالج آف سائنس چوہدری ظہور احمد نے فیصل آباد شمالی کے مستحق طلبہ کیلئے ماہانہ دو ہزار روپے کی کاپیاں فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

## نئے سکولز کا قیام

نئے تعلیمی سیشن میں فیصل آباد شمالی میں 3 نئے سکولز کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔ ان میں 77 ج ب ملاں پورہ 94 گ ب شنکر اور غزالی گرلز ہائی سکول 78 ج ب جوڈی شامل ہیں۔

## الوداعی تقریب

گورنمنٹ مڈل سکول مہر پور ضلع مظفر گڑھ کے ہشتم کلاس کے طلبہ کی الوداعی تقریب ہوئی جس میں غزالی سکول سسٹم میر پور کے طلبہ و طالبات اور سٹاف کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ تقرب کے مہمان خصوصی مہر عطا محمد اور سجاد احمد تھے۔ جبکہ صدارت اعجاز احمد خان ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ مڈل سکول مہر پور نے کی۔ دونوں سکولز کے طلبہ نے ترانے، ملی نغمے اور تقاریر کے ذریعے بھرپور حصہ لیا۔ تلاوت محمد خالد، حمد باری تعالیٰ مظہر عباس، نعتِ رسول مقبول ﷺ مجاہد عباس، سیرۃ النبی پر تقریر اللہ دتہ اور کلام اقبال سعید احمد نے سنایا۔ جبکہ عبدالغفور، نادر شہزاد، عبدالحی، عاطف کریم، جہانزیب، کامران، وقاص مہدی اور راشد عطا نے ترانہ، عمر فاروق، عبدالواجد اور کاشف سہیل نے ملی نغمہ جبکہ عمیر فاروق اور عبدالقیوم نے تقاریر کیں۔

## دورہ

مربوط دیہی مرکز صحت کے میڈیکل آفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی نے غزالی سکول سسٹم 167 گ ب کٹاریاں ضلع فیصل آباد کا دورہ کیا۔ انہوں نے طلبہ کی نصابی، ہم نصابی سرگرمیوں، اسمبلی اور نظم وضبط کو بہترین قرار دیا۔ اس دورہ میں معززین علاقہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ٹک شاپ کا افتتاح

ڈسٹرکٹ مینجر فیصل آباد جنوبی ڈاکٹر وارث علی وارث نے غزالی سکول سسٹم 168 گ ب سراج میں ٹک شاپ کا افتتاح کیا۔

## شادی خانہ آبادی


ڈسٹرکٹ مینجر ضلع ملتان عمران ظہور غازی اور غزالی سکول سسٹم کلچ پور کے پرنسپل ملک محمد اسلم گذشتہ دنوں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔ ادارہ ٹرسٹ کے ان معزز ممبران کو مبارک باد دی۔

## غزالی گرلز ہائی سکول جوڈی میں تعلیمی سیشن کا آغاز

- غزالی گرلز ہائی سکولز 78 ج ب جوڈی ضلع فیصل آباد میں داخلہ برائے کلاس ششم اور نہم شروع ہو چکا ہے۔ اس سکول میں ابتدائی طور پر تین معلمات کا تقرر کیا گیا ہے۔ ان معلمات کا انتخاب گذشتہ دنوں DMS ڈاکٹر امجد وسیم نے ٹیسٹ اور انٹرویو کے بعد کیا۔

## سپورٹس میلہ

غزالی سکول سسٹم ضلع ڈیرہ غازی خان کے زیر اہتمام 25 مارچ تا 28 مارچ شادن لنڈ میں سپورٹس میلہ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس کے انچارج غلام مرتضیٰ پرنسپل غزالی سکول سسٹم شادن لنڈ ہونگے۔ اس میلے میں تمام غزالی سکولوں سے منتخب طلباء بحیثیت کھلاڑی شریک ہونگے اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی مقابلے ہوں گے۔



آفاق ٹریننگ اکیڈمی میں فرسٹ ایڈ ورکشاپ کا منظر


زیر اہتمام
انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ 66۔ ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور
فون: 042-5882939 ای میل: getpak@hotmail.com


Produced by: GES 042-758 7987